Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۷ ذیقعدہ ۱۳۳۷ھ مطابق ۴ اگست ۱۹۱۹ء	نمبر ۳۱

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳۰ جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

مثل نقل یادداشت بخشی فوج دربارہ استمرار بابت عطائے راشن الاؤنس بصیغہ جات

فوست بٹالین وغیرہ میعادی تا اختتام جنگ۔

حکم ہوا کہ

ستمبر ۱۹۱۹ء تک راشن الاؤنس ملازمان ترتیب دیا جاوے و نیز تنخواہ دی جاوے۔ اور ان ملازمان امپریل سروس نمبر

کو جو ڈیپو میں ہیں وہی حساب کہ جس حساب سے ملتا رہا ہو دیا جانا مقرر ہے۔ امپریل سروس نمبر

جو سوار یا بر خدمت پرگنہ میں انکو راشن الاؤنس نہیں ملیگا احکام جاری ہوں۔ فقط

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض جناب عالی میرساند

بموجب احکامات مفصلہ ذیل صیغہ ہائے تحت کو تا اختتام جنگ راشن الاؤنس عطا فرمایا گیا ہے چونکہ ۱۹ جولائی ۱۹۱۹ء کے عام جلسہ دربار میں یہ سپیچ سنایا گیا ہے کہ صلح خاتمہ ہوگئی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جنگ کا خاتمہ ہوگیا لیکن راشن الاؤنس کے دینے یا نہ دینے کے متعلق ہنوز کوئی حکم جاری نہیں فرمایا گیا جسکی وجہ سے ضرورت استمداد پیش ہوئی سنا گیا ہے کہ صیغہ انفنٹری کے واسطے برائے سہ ماہ واسطے دینے راشن الاؤنس کے منظوری دیگر حاصل کیگئی ہے اور دفتر فوجی سے انکے احکامات جاری ہورہے ہیں۔ بعض صیغہ بعینہ ایسے ہیں کہ انکی نسبت کوئی حکم صادر نہیں فرمایا گیا چونکہ بر آوردات کے اجرا کا وقت ہے اس راشن الاؤنس دینے کے ایک ہی طریقہ پر احکام جاری فرمائے گئے ہیں لہذا امیدوار ہوں کہ جملہ صیغہ ہائے مفصلہ ذیل کے راشن الاؤنس دینے کے واسطے ایک میعاد معینہ یا تا صدور حکم ثانی کے بغرض سہولیت کار سرکار احکام صادر ہوجاویں کہ آیندہ وقت اجرائے بل ملازمان کو دقت پیش نہ آئے واجب عرض ہے۔ آیندہ رائے جہان آرائے۔

(تفصیل احکامات سابقہ)

۱۔ بموجب روبکار محکمہ دار الانشاء رقمزدہ ۲۶ ستمبر ۱۹۱۸ء ملازمان فرسٹ بٹالین موجودہ ڈیپو کو تین روپیہ ماہوار راشن الاؤنس از یکم ستمبر سنہ الیہ مقرر ہوا۔

۲۔ بموجب نقل حکم محکمہ دار الانشاء رقمزدہ ۲ اپریل ۱۹۱۹ء از یکم ماہ مذکور ملازمان امپیریل سروس لانسرز موجودہ ڈیپو کو تین روپیہ ماہوار راشن الاؤنس مقرر ہوا۔

۳۔ بموجب نقل حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم ملازمان ذیل کو راشن الاؤنس ۱۳ مئی ۱۹۱۹ء از یکم مئی سنہ الیہ عطا فرمایا۔

۱۔ جملہ ملازمان توپخانہ و تھرڈ اسکواڈرن و زنبورچیان و گورکھا پلٹن و سکنڈ بٹالین و تھرڈ بٹالین و اہلکاران بینڈ باجہ باستثنی کمیشنڈ آفیسران دو دو روپیہ ماہوار

۲۔ سواران و دفعداران موسٹیڈ پولیس و کانسٹبلان سیول و [illegible] پولیس بحساب ایک ایک روپیہ ماہوار۔

۳۔ سپاہیان و نان کمیشنڈ جیل کمپنی کو بحساب ایک روپیہ ماہوار۔

زیادہ حد ادب۔

عرضی

[illegible] ڈیوڑی لال بخش

مرقومہ ۲۲ جولائی ۱۹۱۹ء

ملخص حکم اجلاس بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۳۰ جولائی ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ دیوانی الصدر رخصت مزید پندرہ یوم منشی محمد علیخان نائب دیوانی الصدر بوجہ علالت منظور فرمائی گئی۔

ملخص حکم اجلاس جناب صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تبادلہ جات

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس منشی نسیم اللہ سب انسپکٹر سوار سے تھانہ شاہ آباد کو انچارجی اور مرزا احمد علی سب انسپکٹر تھانہ ٹانڈہ سے تھانہ سوار کو اور حیدر علیخان سب انسپکٹر تھانہ ملک سے تھانہ ٹانڈہ کو انچارجی پر اور سردار علی خان تھانہ شاہ آباد سے تھانہ بلاسپور کو انچارجی پر اور الطاف حسین خان سب انسپکٹر تھانہ گنج سے تھانہ کیمری کو انچارجی پر اور سید شبیر حسین سب انسپکٹر تھانہ گنج کو انچارجی پر تبدیل کئے گئے۔ اور اشفاق النبی خان انسپکٹر حلقہ بلاسپور جو (بیس روپیہ ماہوار اضافہ پاکر بوجہ کام نو آبادی علاقہ انسپکٹر بنائے گئے تھے) چونکہ پنجابیان کی آبادی کم رہ گئی ہے اور خاص انتظام کی ضرورت نہیں رہی۔ لہذا اپنے اصلی عہدہ انسپکٹری کو بہ تنخواہ ساٹھ روپیہ ماہوار رفیع الدینخان سب انسپکٹر کے خالی درجہ پر مقرر ہو کر تھانہ ملک کو انچارجی پر تبدیل ہوئے۔ علاوہ اشفاق النبی خان دیگر سب انسپکٹران اپنی اپنی موجودہ تنخواہیں پائیں گے۔

اضافہ جات

۳ اگست ۱۹۱۹ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔ محمد مجتبے ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار اور عنایت علیخان ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار اور فضل النبی خان ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار دس روپیہ کا پانچ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔

مستقلی

۲ اگست ۱۹۱۹ء

بملاحظہ کاغذات و حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بدر الدینخان ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار (جنکا تقرر برائے چھ ماہ امتحاناً بحکم ۸ مئی ۱۹۱۹ء بجائے عبد العلیخان ہیڈ کانسٹبل ہوا تھا) مستقل کئے گئے۔

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتداے ۲۶ جولائی لغایت یکم اگست ۱۹۱۹ء

تاریخ و دن	صدر		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افسرونا	تعداد خط	افسرونا	تعداد خط	افسرونا	تعداد خط	افسرونا	تعداد خط	افسرونا	تعداد خط	افسرونا
۲۶ جولائی ۱۹۱۹ء یوم شنبہ	۰	۵۹	۱۰	۹۴	۰	۶۱	۵	۹۱	۷	۷۲	۴	۷۴
۲۷ " " " یکشنبہ	۲	۶۵	۲	۱۰۰	۵	۷۲	۰	۹۱	۴	۸۰	۱	۷۵
۲۸ " " " دوشنبہ	۰	۶۵	۰	۱۰۰	۰	۷۲	۰	۹۱		۸۰	۰	۷۵
۲۹ " " " سہ شنبہ	۰	۶۵	۰	۱۰۰	۰	۷۲	۰	۹۱	۰	۸۰	۰	۷۵
۳۰ " " " چہارشنبہ	۵۲۵	۷۰۲۵	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۷۲	۰	۹۱	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۷۵
۳۱ " " " پنجشنبہ	۱	۷۱۲۵	۰	"	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۹۱	۰	"	۱۰	۸۵
یکم اگست " " جمعہ	۰	۷۱۲۵	۰	"	۰	"	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	"	۰	نقشہ نہیں آیا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداے ۲۹ جولائی لغایت ۴ اگست ۱۹۱۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۴ ار	۵ ار	۵ ار			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۴ ار	۴ ار	۴ ار			
نخود گندم آمیز		۵ ار	۵ ار	۵ ار			
بسرآمیز		۰	۵ ار	۰			
باجرہ		۰	۳ ار	۳ ار			
مونگ		۰	۲ ار	۲ ار			
مکا			×	۶ ار			
جئی			×	۷ ار			
لوبیا			۴ ار	۶ ار			
ماش		۰	۵ ار				
ارہر	۰	۵ ار	۵ ار	۳ ار			
برنج		۴ ار	۳ ار	۳ ار			
روغن زرد	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]			
روغن سیاہ		۱ ار	[illegible]	[illegible]			
روغن کنجد	۰	[illegible]	۱۰ ار	۰			
نمک سانبھر		۱۱ ار	۱۱ ار	۱۰ ار			
نمک لاہوری		۶ ار	۷ ار	۶ ار			
قند سیاہ		۳ ار	۳ ار	۳ ار	۰		
باجرہ	۰	۰	×	۰			

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری مئی سنہ ۱۹۱۹ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد: ہندو	تفصیل پیدائش: عورت: مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت: ہندو	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ایک سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۱۲ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۱۲ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ: مرد	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ: عورت	تفصیل فوتی: میزان: مرد	تفصیل فوتی: میزان: عورت	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	تفصیل امراض: چیچک	تفصیل امراض: تپ	تفصیل امراض: متفرق	تفصیل امراض: مارگزیدہ	تفصیل امراض: فوت شدہ بذریعہ جانور [illegible]	تفصیل امراض: طاعون	میزان از خانہ نمبر ۱۹ لغایت نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۰	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۳۱	۴	۱۳	۲	۴۹	۴۳	۶۰	۳۹	۴۷	۹	۱۳	۲۶	۲۱	۷۴	۸۰	۱۲۲	۱۳۱	۰	۹۳	۰	۶۱	۰	۰	۰	۱۵۴	
گنج	۱۶	۷	۱۴	۰	۳۵	۲۸	۷	۶۹	۴۸	۸	۱۳	۳۲	۳۰	۱۱۹	۱۱۰	۲۰۵	۲۴	۰	۱۶۷	۰	۶۱	۰	۱	۰	۲۲۹	
حوالی شہر	۲	۴	۱	۰	۷	۴	۵	۰	۲	۲	۰	۶	۴	۱۱	۶	۳	۱۲	۰	۰	۰	۱۶	۰	۰	۰	۱۷	
عظیم نگر	۲۰	۲۳	۷	۱۰	۶۰	۲۶	۳۳	۴	۰	۱	۲	۱۹	۷	۲۴	۹	۱۵	۱۸	۰	۰	۰	۳۳	۰	۰	۰	۳۳	
شاہ آباد	۱۷	۲۶	۱۳	۲۲	۷۷	۲۹	۴۸	۲۲	۱۱	۱	۳	۲۴	۱۵	۴۷	۲۹	۳۴	۴۳	۰	۱۳	۰	۶۳	۱	۰	۰	۷۶	
پٹوائی	۱۱	۳۰	۲	۲۱	۶۴	۱۳	۵۱	۲	۲	۱	۰	۱۸	۹	۲۱	۱۱	۱۹	۲۳	۰	۰	۰	۳۲	۰	۰	۰	۳۲	
ملک	۸	۵۴	۲	۴۷	۱۱۳	۱۰	۱۵۳	۶	۴۰	۰	۲	۲۸	۱۴	۳۴	۲۶	۱۰	۵۰	۰	۰	۰	۶۰	۰	۰	۰	۶۰	
بلاسپور	۱۱	۱۹	۴	۱۶	۵۰	۱۸	۳۲	۵	۸	۶	۳	۲۵	۱۶	۳۶	۲۶	۳۸	۲۴	۰	۰	۰	۵۹	۰	۳	۰	۶۲	
کیمری	۸	۱۳	۵	۵	۳۱	۱۳	۱۸	۶	۴	۳	۳	۲۹	۱۵	۴۸	۲۲	۳۰	۴۰	۰	۰	۰	۶۹	۱	۰	۰	۷۰	
سوار	۱۰	۲	۱۳	۴	۲۹	۲۳	۶	۴	۱	۳	۳	۱۶	۱۸	۲۳	۲۱	۲۸	۱۶	۰	۲	۰	۴۲	۰	۰	۰	۴۴	
ٹانڈہ	۱۰	۴	۲	۵	۲۱	۱۲	۹	۴	۹	۲	۱	۲۸	۲۵	۳۴	۳۵	۴۷	۲۳	۰	۰	۰	۷۹	۰	۰	۰	۷۹	
میزان	۱۴۲	۱۸۵	۷۶	۱۳۳	۵۳۶	۲۱۸	۳۱۸	۱۷۱	۱۴۲	۳۶	۳۹	۲۹۴	۱۶۴	۴۷۱	۳۲۵	۵۲۱	۳۱۵	۰	۲۹۴	۰	۵۷۶	۲	۴	۰	۸۷۶	